**19.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

.............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں کرم یوگی سپتاہ کا آغاز کیا۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے وکست بھارت کے حصول کی خاطر کام کاج کے طریقہ کار میں بہتری آئے گی۔
☆ انتخابی کمیشن کی جانب سے کارگزار DGP انوراگ گپتا کو ہٹانے کے احکامات کے بعد اجے سنگھ کو جھارکھنڈ کا نیا DGP مقرر کیا گیا ہے۔
☆ BJP نے جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے 66 امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ آئی این ڈی آئی اے بلاک نے ریاست میں سیٹوں کی تقسیم کو حتمی شکل دے دی ہے۔
☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ کچھ دنوں کے دوران ملک کے جنوبی حصے میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اڈیشہ میں آئندہ ہفتے شدید بارش کا امکان ہے۔
☆ غزہ میں اسرائیلی حملوں میں 32 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔
☆ اورکرکٹ میں، بینگلورو میں پہلے ٹیسٹ میچ میں جیت کیلئے بھارت نے نیوزی لینڈ کو107رن کا نشانہ دیا ہے۔

.............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM Karmyogi*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی کے ڈاکٹر امبیڈکر انٹرنیشنل سینٹر میں کرم یوگی سپتاہ قومی لرننگ ہفتے کا آغاز کیا۔ اس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ مشن کرم یوگی کے ذریعے ایسے انسانی وسائل تیار کرنے کا ہدف ہے، جو ہمارے ملک کی ترقی کیلئے کلیدی محرک بن جائے۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ قومی لرننگ ہفتے کے دوران نئی سیکھ اور تجربات سے کام کرنے کے نظام کو بہتر بنانے کو طاقت اور مدد فراہم ہوگی۔ اِس سے 2047 تک وکست بھارت بنانے کے ہمارے ہدف کے حصول میں بھی مدد ملے گی۔ وزیر اعظم نے گزشتہ دس سال کے دوران سرکار کی سوچ کو بدلنے کیلئے کیے گئے اقدامات کے بارے میں بھی بات کی، جن کے اثرات آج لوگوں کے ذریعے پوری طرح محسوس کیے جا رہے ہیں۔

وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ ایک طرف جہاں دنیا مصنوعی ذہانت AI کو ایک موقع کے طور پر دیکھتی ہے، وہیں بھارت کیلئے مصنوعی ذہانت، چیلنج اور موقع، دونوں پیش کرتی ہے۔ انہوں نے دو AI، ایک آرٹیفشیل انٹیلیجنس اور دوسری Aspirational انڈیا یعنی امنگوں والے بھارت کے بارے میں روشنی ڈالی۔ وزیر اعظم نے دونوں کے درمیان توازن قائم رکھنے کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ اگر امنگوں والے بھارت کی ترقی کو رفتار دینے کیلئے مصنوعی ذہانت کا کامیابی سے استعمال کیا جائے تو اِس سے انقلابی تبدیلی رونما ہوسکتی ہے۔ جناب مودی نے سول سروینٹس کو مشورہ دیا کہ وہ بڑھتے ہوئے معیارات کو پورا کرنے کیلئے خود کو جدید ترین ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کریں۔

اِس کام میں مشن کرم یوگی ان کیلئے مدد فراہم کرنے والا ثابت ہوسکتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے iGOT پلیٹ فارم کی بھی ستائش کی اور کہا کہ 40 لاکھ سے زیادہ سرکاری ملازمین نے اِس پلیٹ فارم پر اپنا اندراج کرایا ہے۔x

## *Rev PM Varanasi*

وزیر اعظم نریندر مودی کل اپنے پارلیمانی حلقے وارانسی کا دورہ کریں گے۔ وہ وہاں تقریباً 6 ہزار 100 کروڑ روپئے مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم ایک عوامی اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ وارانسی کے پولیس کمشنر Mohit اگروال نے کہا ہے کہ جن راستوں سے وزیر اعظم کا گزر ہوگا وہاں ڈرون سے نگرانی کی جارہی ہے۔

S/B Mohit Agrawal

وزیر اعظم کے وارانسی کے دورے کے حوالے سے پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی یہ رپورٹ..........

V/C Sushil Chandra

وزیر اعظم اپنے پارلیمانی حلقے وارانسی سے دورے کے دوران آر جے شنکر آئی اسپتال اور Sigra اسٹیڈیم سمیت 380 اعشاریہ ایک تین کروڑ روپئے مالیت کے چودہ پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ وہ دو ہزار 874 کروڑ روپئے مالیت کے دیگر کئی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر اعظم صحت، تعلیم، کھیل، سیاحت، روزگار، رہائش اور شہری ہوا بازی جیسی کئی سہولتیں عوام کو وقف کریں گے۔ جناب مودی وارانسی ہوائی اڈّے کی توسیع اور ٹرمنل کی نئ عمارت کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ امکان ہے کہ وہ Sigra اسپورٹس اسٹیڈیم میں 20 ہزار سے زیادہ لوگوں سے خطاب کریں گے۔

وارانسی سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

وزیر اعظم آگرہ ہوائی اڈّے کے 570 کروڑ روپئے سے زیادہ کے، دربھنگہ ہوائی اڈّے کے تقریباً 910 کروڑ روپئے مالیت کے اور باگ ڈوگرہ ہوائی اڈّے کے تقریباً ایک ہزار 550 کروڑ روپئے مالیت کے نئے سول انکلیو کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ وہ وارانسی سے Rewa ہوائی اڈّے، ماں مہا مایاں ہوائی اڈّے، امبیکاپور اور Sarsawa ہوائی اڈّے کی 220 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کی نئ ٹرمنل عمارتوں کا افتتاح کریں گے۔x

### President Malawiwith VC

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو افریقہ کے تین ملکوں الجیریا، موریطانیہ اور ملاوی کا اپنا دورہ مکمل کرنے کے بعد ملاوی سے واپس وطن کیلئے روانہ ہوگئی ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

V/C Mayhusha

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو پرجوش طریقے سے روایتی طور پر الوداع کہا گیا۔ ملاوی کے نائب صدر اور دیگر اعلیٰ عہدیداران نے اُنہیں واپس وطن روانہ کیا۔ صدر جمہوریہ کے تین افریقی ملکوں کے دورے سے الجیریا، موریطانیہ اور ملاوی کے ساتھ بھارت کے تاریخی تعلقات میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا ہے۔ بھارت کی جی-ٹوینٹی کی صدارت کے دوران افریقی یونین کو ایک مستقل ممبر کے طور پر شامل کئے جانے کے ایک سال بعد یہ دورہ ہوا ہے۔ اپنے ایک ہفتے طویل دورے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سبھی تین ممالک کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ دوطرفہ میٹنگیں کیں اور وہاں آباد بھارتی برادری سے بات چیت کی۔اس دورے سے افریقی ملکوں کے ساتھ بھارت کے موجودہ دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عہد کا اعادہ ہوتا ہے۔
Mayusha کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

### Jharkhand New DGP

1989 بیچ کے IPS، اجے سنگھ کو جھارکھنڈ کا نیا DGP مقرر کیا گیا ہے۔ جناب سنگھ نے DGP کے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔ اِس سے قبل انتخابی کمیشن نے جھارکھنڈ سرکار کو پولیس کے کارگزار ڈائریکٹر جنرل کو اُن کے عہدے سے فوری طور پر ہٹانے کی ہدایت دی تھی۔ x

### BJP Jharkhand List

آج BJP نے جھارکھنڈ میں آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے 66 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی۔ اِس فہرست میں سابق وزیر اعلیٰ اور BJP کے ریاستی صدر بابو لال مرانڈی کا نام شامل ہے جو Dhanwar سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ سابق وزیر اعلیٰ چمپئی سورین Saraikella اسمبلی حلقے سے BJP کے امیدوار ہوں گے۔ اِس کے علاوہ پارٹی نے سیتا سورین کو جام تارہ سیٹ، گیتا کوڑا کو جگن ناتھ پور اور گیتا Balmuchu کو چائے باسا حلقے سے چناؤ میدان میں اتارا ہے جبکہ CP سنگھ کو رانچی سیٹ سے نامزد کیا ہے۔ NDA کے سیٹوں کی تقسیم کے فارمولے کے تحت بی جے پی 68 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔ بقیہ دو سیٹوں کیلئے امیدواروں کے نام کا اعلان آج نہیں کیا گیا۔
81 رکنی جھارکھنڈ اسمبلی کیلئے انتخابات دو مرحلوں میں آئندہ مہینے کی 13 اور 20 تاریخ کو ہوں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x

### Jharkhand INDIA Block Alliance

جھارکھنڈ میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے آئی این ڈی آئی اے بلاک کے درمیان سیٹوں کی تقسیم کے فارمولے کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ اور کانگریس 70 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔ رانچی میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے ایگزیکیٹیو صدر ہیمنت سورین نے کہا کہ 11 سیٹیں راشٹریہ جنتا دل اور CPIML کو دی گئی ہیں۔ جناب سورین نے کہا کہ جھارکھنڈ اور کانگریس کے درمیان سیٹوں کے بٹوارے کا فیصلہ جلد ہی کیا جائے گا۔ اسی طرح راشٹریہ جنتا دل اور CPIML کے درمیان سیٹوں کی تقسیم کا اعلان بھی جلد ہی کیا جائے گا۔ ہیمنت سورین نے کہا کہ امیدواروں کی فہرست پوری طرح تیار ہے اور اِسے جلد ہی منظر عام پر لایا جائے گا۔ x

### Mumbai Akhlesh

مہاراشٹر میں سماج وادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو نے کہا ہے کہ اُن کی پارٹی درحقیقت آئی۔ این۔ ڈی۔ آئی۔ اے بلاک کا ایک حصہ ہے۔ اسی لیے اُن کی پارٹی نے اور دُھولے اور مالیگاؤں سمیت 12 سیٹوں کا مطالبہ کیا ہے۔ جناب یادو نے سماجوادی پارٹی کے امیدوار ارشاد جہانگیر کیلئے دھولے سٹی اسمبلی حلقے میں ایک ریلی کی۔ انہوں نے بھارتی جنتا پارٹی پر بھارت کے آئین کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے کی کوشش کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے حالیہ لوک سبھا انتخابات میں مرکز میں اکثریت حاصل کرنے میں ناکامی پر BJP سرکار کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ x

### IMD Odisha

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے مشرقی وسطی خلیج بنگال اور ملحقہ شمالی انڈمان کے سمندر میں پیر کے روز ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کی پیشگوئی کی ہے، جس کے اثر سے اڈیشہ میں اگلے ہفتے شدید سے بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ ہوا کے کم دباؤ کے اِس حلقے کے شمال مغرب کی جانب بڑھنے اور تقریباً بدھ کے روز اِس کے گہرے حلقے میں تبدیل ہوکر مزید شدت اختیار کرنے کا امکان ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے اِس مہینے کی 23 سے 25 تاریخ کے دوران اڈیشہ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اگرچہ موسم سے متعلق متعدد ماڈلز نے اگلے ہفتے خلیج بنگال میں ممکنہ سمندری طوفان کی پیشگوئی کی ہے، تاہم IMD کے ڈائریکٹر جنرل مرتنجے مہاپترا نے آج کہا کہ اِس سے متعلق واضح تصویر، ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے بعد ہی سامنے آسکتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ موسم سے متعلق ماڈلز کے درمیان اِس سلسلے میں اتفاق رائے نہیں ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے اس بارے میں کوئی پیشگوئی نہیں کی ہے کہ ہوا کے کم دباؤ کا یہ حلقہ سمندری طوفان میں تبدیل ہوجائے گا۔ البتہ انہوں نے کہا کہ اڈیشہ، آندھرا پردیش اور مغربی بنگال کے ساحلی علاقوں میں اِس کے واضح اثرات سامنے آسکتے ہیں۔ موسمیات کے محکمے نے تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرناٹک سمیت ملک کے جنوبی علاقوں میں اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## J&K Oath PRO TEM Speaker

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں نیشنل کانفرنس کے سینئر رہنما مبارک گُل نے نئی منتخبہ اسمبلی کے عبوری اسپیکر کی حیثیت سے حلف لیا ہے۔ سرینگر میں واقع عیدگاہ اسمبلی حلقے سے منتخب ہوئے جناب گُل کو کل عبوری اسپیکر مقرر کیا گیا تھا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگر میں راج بھون میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران اُنہیں عہدے کا حلف دلایا۔ جناب گُل آئندہ پیر کے روز جموں و کشمیر اسمبلی کے نو منتخب ارکان کو حلف دلائیں گے۔ x

## Chhattisgarh Blast

چھتیس گڑھ میں آج نارائن پور ضلع میں دیسی ساخت کے ایک بم دھماکے میں دو سکیورٹی اہلکار ہلاک ہوگئے۔ اس واقعے میں دیگر دو اہلکار زخمی بھی ہوئے ہیں۔ITBP، بی ایس ایف، ضلع ریزرو گارڈ کی ایک مشترکہ ٹیم Dhurbeda علاقے میں تلاشی کی کارروائی انجام دے رہی تھی۔ آج کارروائی کے بعد کیمپ کی جانب واپسی کے وقت چار فوجی اہلکار دیسی ساخت کے ایک بم کی زد میں آگئے جسے ماؤنوازوں نے زمین کے نیچے نصب کیا تھا۔ ITBP کے دو اہلکار اِس واقعے میں ہلاک ہوگئے جبکہ نارائن پور ضلع پولیس کے دو اہلکار زخمی ہوئے ہیں۔x

## Chhandigarh Meeting

مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن نے آج مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ میں مرکز کی جانب سے چلائی جارہی مختلف اہم اسکیموں اور پروگراموں کے نفاذ اور پیشرفت کا جائزہ لیا۔ چنڈی گڑھ کے ایڈمنسٹریٹر کے مشیر راجیو ورما، وزارت داخلہ میں ایڈیشنل سکریٹری آشوتوش اگنی ہوتری اور چنڈی گڑھ انتظامیہ کے دیگر سینئر عہدیداران اِس میٹنگ میں موجود تھے۔ چنڈی گڑھ کی انتظامیہ نے اُن 30 اہم اسکیموں کی پیشرفت سے متعلق رپورٹ پیش کی جنہیں وہاں نافذ کیا گیا ہے۔x

## Pradhan Visit

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان کل سے سنگاپور اور آسٹریلیا کے سات روزہ دورے پر رہیں گے۔ اِس دورے سے تعلیم میں باہمی دلچسپی کے مختلف اہم شعبوں میں اشتراک، شمولیت اور اُنہیں فروغ حاصل ہونے کی امید ہے۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں سنگاپور میں دو روزہ قیام میں جناب پردھان کل بھارتی برادری سے خطاب کریں گے۔ اگلے دن جناب پردھان سنگاپور کے وزیر اعظم Lawrence Wong، نائب وزیر اعظم Gan Kim Yong اور دیگر سینئر رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ آسٹریلیا کے اپنے تین روزہ دورے کے دوران وزیر تعلیم 23 اکتوبر کو ملبرن میں تعلیم کے وزیر Jason Clare سے ملاقات کریں گے۔ وہ تعلیم سے متعلق آسٹریلیائی بین الاقوامی کانفرنس میں کلیدی خطاب بھی کریں گے۔x

## Nirmala Mexico

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، میکسیکو کے دورے پر ہیں۔ انہوں نے میکسیکو شہر میں تجارت اور سرمایہ کاری کو بڑھانے کیلئے اشتراک سے متعلق بھارت- میکسیکو تجارتی اور سرمایہ کاری چوٹی میٹنگ میں شرکت کی۔ اس میٹنگ میں میکسیکو شہر کے اقتصادی ترقی کے وزیر Manola Zabolza Aldama نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ بھارت اور میکسیکو کی مشترکہ کوششیں، سیمی کنڈکٹرز، پرنٹیڈ سرکٹ بورڈس اور دیگر اعلیٰ ترین الیکٹرانکس جیسے کلیدی شعبوں میں تنوع کے ذریعے استحکام کو تقویت فراہم کرسکتی ہیں۔ x

## NCW Chairperson

خواتین کے قومی کمیشن NCW کی چیئرپرسن کی حیثیت سے Vijaya Rahatkar کی تقرری عمل میں آئی ہے۔ اِس سلسلے میں خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزارت نے ایک اطلاع نامہ جاری کیا ہے۔ محترمہ Rahatkar، مہاراشٹر ریاستی خواتین کمیشن کی چیئرپرسن اور اورنگ آباد کی میئر رہ چکی ہیں۔ وہ BJP کی قومی سکریٹری اور پارٹی کی خواتین شاخ کی صدر کے طور پر بھی کام کرچکی ہیں۔ وزارت نے قومی خواتین کمیشن کے ممبر کے طور پر ڈاکٹر ارچنا مجمدار کی تقرری کو بھی نوٹیفائی کیا ہے۔ x

## Bihar Fisheries

ماہی گیری، مویشی پروری اور ڈیری کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ عرف للن سنگھ نے آج کہا ہے کہ اُن کے محکمے نے آئندہ برسوں میں ملک سے ایک اعشاریہ دو صفر لاکھ کروڑ روپئے کی مچھلی برآمد کرنے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ اِس وقت بھارت سے 60 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کی مچھلی برآمد کی جارہی ہے جو 2014 کے مقابلے دوگنی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت مچھلی کی پیداوار کے معاملے میں دنیا میں دوسرے مقام پر ہے اور وہ پہلے مقام پر آنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے۔

## Israel Attack

آج غزہ میں اسرائیلی حملوں میں کم از کم 32 افراد ہلاک اور 85 زخمی ہوگئے۔ وسطی غزہ میں Al-Maghazi کیمپ میں ایک مکان پر اسرائیلی حملے میں 16 افراد جبکہ نزدیک کے کیمپ Nuseirat میں ایک حملے میں چار دیگر افراد ہلاک ہوگئے۔ جنوبی غزہ کے شہروں، خان یونس اور رفح میں دو علاحدہ علاحدہ حملوں میں پانچ افراد ہلاک ہوئے۔ غزہ کے شمالی حصے میں Shati کیمپ میں سات فلسطینی ہلاک ہوگئے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ لبنان سے Haifa اور اسرائیل کے دیگر شمالی شہروں کی جانب 60 راکٹ داغے گئے تھے۔x

## Cricket

کرکٹ میں بینگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن

بھارتی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 462 رن پر آل آوَٹ ہوگئی۔ بھارت کو اِس وقت 106 رن کی سبقت حاصل ہے۔ بھارت کیلئے سرفراز خان نے شاندار 150 رن اسکور کئے اور رشبھ پنت صرف ایک رن سے اپنی سنچری سے چوک گئے۔ اِن دونوں کے درمیان شاندار کھیل کی بدولت بھارتی ٹیم چوتھے دن چائے کے وقت تک چھ وکٹ پر 438 رن بنا پائی۔ اِس سے قبل بھارتی ٹیم پہلی اننگز میں محض 46 رن بنا کر آل آوَٹ ہوگئی تھی جبکہ نیوزی لینڈ نے اپنی پہلی اننگز میں 402 رن بنائے تھے۔ بھارت ٹیسٹ چمپئن شپ کی عالمی درجہ بندی میں اِس وقت سرفہرست ہے جبکہ نیوزی لینڈ چھٹے مقام پر ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆